Bata

# باٹا پاکستان لمیٹڈ

## غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

مطلع کیا جاتا ہے کہ باٹا پاکستان کا غیر معمولی اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس باٹا پور، ضلع لاہور میں مورخہ 23 ستمبر 2020ء صبح 10:00 بجے مندرجہ ذیل کاروباری امور نمٹانے کیلئے منعقد ہوگا۔

1- مورخہ 20 مئی 2020ء کو منعقد ہوئے 68ویں سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے مطابق 25 ستمبر 2020ء سے لے کر اگلے تین سال کی مدت کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے طے کردہ کمپنی کے 9 (نو) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ ریٹائرڈ ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام حسب ذیل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| 1. جناب رابرٹو لانگو | 2. جناب محمد عمران ملک | 3. جناب امجد فاروق |
| 4. جناب سید اسد علی زیدی | 5. جناب ژوگوان کیاٹ | 6. جناب عامر امین |
| 7. جناب محمد مقبول | 8. جناب کمال منوں | 9. محترمہ طہٰ اسد خان |

3- چیئرمین کی اجازت سے کوئی بھی ضروری کاروائی۔

حسب الحکم بورڈ

(حافظ مدثر حسن کامران)

کمپنی سیکریٹری

باٹا پور، لاہور

تاریخ 26 اگست 2020ء

نوٹس:

1- شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ایڈریسز میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے بارے میں کمپنی کو فوری طور پر مطلع کریں۔

2- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 17 سے 23 ستمبر 2020ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ مذکورہ بالا مقصد کیلئے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کے دفتر میں مورخہ 16 ستمبر 2020ء کے روز کاروبار بند ہونے سے قبل مجوزہ فارمیٹ پر موصول ہونے والی ٹرانسفر ڈیڈز بروقت تصور کی جائیں گی۔

3- اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل تمام ممبران اپنی طرف سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے فرد کو پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ پراکسیز کو موثر ہونے کیلئے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونا ضروری ہے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹس ہولڈرز کیلئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مورخہ 26 جنوری 2000ء کو جاری کردہ سرکلر 1 میں دی گئی ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.bata.com.pk پر (انگریزی اور اردو زبانوں میں) دستیاب ہے۔

(i) اجلاس میں شمولیت کیلئے

(a) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ فرد جس کی سیکیورٹیز سی ڈی سی میں رجسٹرڈ ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اجلاس میں شمولیت کیلئے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے اپنی شناخت کی تصدیق کرائیں گے۔ ممبرز کیلئے ان کی شمولیت کا شناختی نمبر اور سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر بھی ہمراہ لانا ضروری ہے۔

(b) کمپنی کے ممبر کاروباری ادارہ کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ دستخط کا نمونہ کمپنی کو جمع کرانے کی ضرورت ہوگی۔

(ii) پراکسیز کی تقرری کیلئے

(a) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ فرد جس کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اپنے پراکسی فارم مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق جمع کروائیں۔

(b) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام، ایڈریسز اور سی این آئی سی نمبرز پراکسی فارم پر دیئے گئے ہوں۔

(c) اصل شیئر ہولڈرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ لگائی گئی ہوں۔

(d) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

(e) کاروباری ادارہ کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نامزد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے سے نہیں کروایا گیا تو) کمپنی کو جمع کرانا ہوگا۔

4- ڈائریکٹرز کا انتخاب لڑنے کا خواہشمند کوئی بھی فرد، خواہ وہ ریٹائرڈ ہونے والا/والی ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(3) کے تحت خود کو ڈائریکٹرز کے الیکشن کیلئے پیش کرنے کے ارادے کی غرض سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں فائل داخل کرے اور اس کے ساتھ مندرجہ ذیل امور کی تکمیل کرے:

(a) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(3) کے تحت خود کو ڈائریکٹرز الیکشن میں شرکت کیلئے نوٹس دینا۔

(b) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت تجویز کردہ فارم-28 پر کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور کام کرنے کی رضامندی۔

(c) سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("ایس ای سی پی") کی طرف سے مورخہ 3 اکتوبر 2019ء کو جاری کردہ ایس آر او 2019/(1)1196 کے تحت کمپنی کی ویب سائٹ پر لگانے کیلئے تفصیلی پروفائل بمعہ پوسٹل ایڈریس۔

(d) تصدیقی اقرار نامہ کہ:

i) وہ میمورنڈم اور کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی لسٹنگ ریگولیشنز، کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت ڈائریکٹر کے فرائض سے واقف ہے۔

ii) وہ لسٹڈ کمپنیوں (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019ء اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت اہلیت کے معیار کے مطابق ہے۔

iii) وہ بیک وقت سات (7) لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹر بشمول ایک متبادل ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام نہیں دے رہا/رہی ہے۔

5- ممبران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) ہمراہ لائیں اور وہ ممبرز جنہوں نے اپنے شیئرز سینٹرل ڈیپازیٹری سسٹم میں جمع کروا رکھے ہیں میٹنگ کے مقام پر اپنے سی ڈی سی میں شرکت کی شناخت اور اکاؤنٹ نمبر سے آگاہ ہوں۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں مختار نامہ کے ساتھ نامزد کے دستخط کا نمونہ بھی پیش کرنا ہوگا۔

6- کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ممبرز پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔

7- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 132(2) کی دفعات کے تحت ممبرز میٹنگ میں شمولیت کیلئے ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ ایسی کوئی سہولت اس شہر میں دستیاب ہو اور ممبرز درج ذیل فارمیٹ کے مطابق اس کیلئے رضامند ہوں۔ ممبرز کے پاس اس شہر میں مقیم مجموعی طور پر 10% یا زائد شیئر ہولڈنگ ہونی چاہیے اور ویڈیو کانفرنس کے ذریعے میٹنگ میں شمولیت کیلئے میٹنگ سے کم از کم 10 دن پہلے ممبرز کی رضامندی کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر پہنچنا لازمی ہے۔ کمپنی عمومی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 5 دن پہلے ممبرز کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام اور اس سہولت تک رسائی کیلئے درکار تمام ضروری معلومات سے آگاہ کر دے گی۔

### ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی

میں/ہم ____________ ساکن ____________ باٹا پاکستان لمیٹڈ کا ممبر ہوں اور ____________ آرڈنری شیئرز کا حامل ہوں بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ____________ اپنے شہر ____________ میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

ممبر کے دستخط ____________

سی این آئی سی نمبر ____________ (براہ کرم اپنے سی این آئی سی کی کاپی منسلک کریں)

8- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 166 کے تحت بیان

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 اور اس کے تحت جاری کردہ ضوابط کے مطابق طے شدہ قابل اطلاق معیار پر کیا جائے گا۔ امیدوار پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں اپنے ناموں کے اندراج کو یقینی بنائیں۔ تاہم امیدوار کا انتخاب اسی طرح کیا جائے گا جس طرح سیکشن 159 کے تحت دیگر ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ اس بات کو مزید یقینی بنایا جائے کہ کسی بھی ڈائریکٹر کو کمپنی کا شیئر ہولڈر ہونے کے علاوہ کمپنی کے کاروبار میں براہ راست یا بالواسطہ مفاد نہ ہو اور وہ اس کمپنی کے ڈائریکٹرز کا الیکشن لڑنے کا اہل ہو۔

COVID-19 کی صورتحال کے پیش نظر کمپنی غیر معمولی اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کیلئے ضروری حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد کرے گی (جیسے کہ ہینڈ سینی ٹائزر اور فیس ماسک کی دستیابی، نشستوں کے درمیان مناسب فاصلہ برقرار رکھنا)۔